# مومن سے مومن کی ملاقات کے وقت کی دُعا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ ۔ وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ

تم پر سلامتی ہو۔ اور تم پر بھی سلامتی ہو۔

# قرآن پڑھتے وقت کی دُعاء

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ عزوجل کی شیطان مردود سے۔

# وضو سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحمت والا ہے۔

# علم میں اضافے کی دُعاء

رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا

اے میرے رب عزوجل مجھے علم زیادہ دے

# سوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى

الٰہی عزوجل میں تیرے نام پر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

## ہر سورت کی اِبتداء سے پہلے پڑھنے کی دُعاء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

# چھینک آنے پر دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کے لئے ہیں۔

# گھر میں داخل ہوتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرُ الْمَوْلَجِ وَخَیْرُ الْمَخْرَجِ بِاسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِاسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔

اے اللہ عزوجل میں تجھ سے اندر آنے اور باہر جانے کی بھلائی طلب کرتا ہوں اللہ عزوجل کے نام سے ہم اندر آئے اور اللہ عزوجل کے نام سے باہر نکلے اور اللہ عزوجل پر جو ہمارا رب ہے ہم نے بھروسہ کیا۔

# گھر سے نکلتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔

اللہ عزوجل کے نام سے (گھر سے نکلتا ہوں) میں نے اللہ عزوجل پر بھروسہ کیا اللہ عزوجل کے بغیر نہ طاقت ہے (گناہوں سے بچنے کی) اور نہ قوت ہے (نیکیاں کرنے کی)۔

# مسجد میں داخل ہونے کی دُعا

بِاسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ۔
اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

میں اللہ عزوجل کے نام سے (داخل ہوتا ہوں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو۔

# مسجد سے نکلتے وقت کی دُعاء

بِسۡمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہ ط
اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ۔

اللہ عزوجل کے نام سے (نکلتا ہوں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام ہو۔
اے اللہ عزوجل میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

# مصیبت کے وقت کی دُعاء

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ؕ

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا۔

بے شک ہم اللہ عزوجل کے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔
یاالٰہی عزوجل میری مصیبت میں مجھے اجر دے۔ اور اس بدلہ میں مجھے خیر عطا فرما۔

# سفر کے وقت کی دُعا

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَکَ وَاَمَانَتَکَ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِکَ۔

اللہ عزوجل کے سپرد کرتا ہوں تیرے دین اور تیری امانت
اور تیرے عمل کے خاتمہ کو۔

## ستّر بلاؤں سے عافیت کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

اللہ عزوجل کے نام سے اور طاقت نہیں (گناہوں سے بچنے کی) اور قوت نہیں (نیکیاں کرنے کی) مگر اللہ بزرگ و برتر عظمت والے کی مدد سے۔

# نیند سے بیدار ہونے کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کے لئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

## بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

اے اللہ عزوجل میں ناپاک جنّوں (نر و مادہ) سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

## بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

اللہ عزوجل کا شکر ہے جس نے مجھ سے اذیّت دور کی اور مجھے عافیت دی۔

# سفر شروع کرتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصُوْلُ وَبِکَ اَحُوْلُ وَبِکَ اَسِیْرُ۔

یاالٰہی عزوجل میں تیری ہی مدد سے حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے چلتا ہوں۔
اور تیری ہی مدد سے پھرتا ہوں۔

# محسن کا شکریہ ادا کرنے کی دُعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا۔

اللہ عزوجل تجھے (احسان کرنے کی) جزائے خیر دے۔

## سواری پر اطمینان سے بیٹھ جانے پر دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

اللہ عزوجل کا شکر ہے، پاک ہے وہ جس نے ہمارے لئے اسے (سواری کو) مسخر کیا اور ہم اس کو فرمانبردار نہیں بنا سکتے تھے۔

## صحت و عافیت اور بھلائی کی دُعا

# اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ
# فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ

"اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دین و دنیا اور اپنے اہل و مال
میں فضل اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔" (ابوداؤد)

رسول ﷺ نے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھنے کی وصیت فرمائی ہے:

# رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ
# وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ

”اے میرے رب! اپنے ذکر و شکر اور اپنی عبادت کو بحسن و خوبی ادا کرنے پر میری اعانت فرما“

(النسائی)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ
سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

"اللہ اپنی خوبیوں (تعریفوں) سمیت پاک ہے۔ عظمت والا اللہ پاک ہے۔

"یہ دو کلمے رحمٰن کو بہت پیارے اور زبان پر ہلکے پھلکے (لیکن قیامت کے دن) ترازو میں بھاری ہوں گے۔"

(صحیح بخاری)

## ہر قسم کے نقصان سے بچاؤ کی ضامن دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

"اُس اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کی برکت سے زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ خوب سننے، جاننے والا ہے۔"

"جو شخص صبح و شام تین تین مرتبہ یہ دُعا پڑھے گا اُسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔"

(ترمذی)

زہریلے جانور اور نظر بد سے بچنے کی دُعا

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ
وَّهَآمَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّآمَّةٍ

"میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے پناہ چاہتا ہوں، ہر شیطان،
زہریلے جانور اور ہر ضرر رساں نظر کے شر سے۔" (صحیح بخاری)

بُری تقدیر اور دشمنوں کے حسد سے بچنے کی دُعا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ

وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

”اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سخت مشقت سے، بدبختی کے لاحق ہونے،

بُرے فیصلے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔“ (صحیح بخاری)

زوال نعمت سے پناہ مانگنے کی دعا

# اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ زَوَالِ نِعۡمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَۃِ نِقۡمَتِکَ وَجَمِیۡعِ سَخَطِکَ

"اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں نعمت کے زائل ہوجانے اور تیری عافیت کے منتقل ہوجانے سے،
تیری گرفت کے اچانک آجانے اور تیری ہر قسم کی ناراضی سے۔" (صحیح مسلم)

## شیطانی خیالات سے بچنے کی دعا

(۱) اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ

"خوب سننے والے خوب جاننے والے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، شیطان مردود سے،
یعنی اسکے وسوسے سے، اس کے سانس سے اور اس کی پھونکوں سے۔" (ابوداود)

(۲) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

"اللہ (کی توفیق) کے بغیر (گناہ سے بچنے کی) ہمت ہے نہ نیکی کرنے کی طاقت۔"
(صحیح بخاری)

## صبر و استقامت کی دعا

رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا
وَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ (سورۃ البقرۃ ۲۵۰)

"اے ہمارے پروردگار! ہمارے اوپر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدم
جما دے اور ہمیں کافروں پر غالب کر"

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ،
وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

"اللہ پاک ہے۔ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے،
اور اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے"

یہ ذکر مجھے تمام دنیا سے زیادہ محبوب ہے۔ (صحیح مسلم)

# جامع ترین ذکر

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ اکیلا ہے، اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اُسی کی بادشاہت ہے۔
اُسی کے لیے سب تعریف ہے۔ وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔"

جو شخص یہ دعا سو مرتبہ پڑھے، اسے دس غلاموں کی آزادی کا ثواب ملے گا اور اس کے لیے سو نیکیاں لکھی جائیں گی، سو برائیاں ختم کردی جائیں گی
اور وہ تمام دن میں شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اور اس سے کسی شخص کا عمل بہتر نہ ہو گا مگر وہ جس نے اس سے بھی زیادہ عمل کیا۔ (صحیح بخاری)

## توبہ اور اِستغفار کی جامع دُعا۔

# اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
# هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

"میں اُس اللہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔
وہ زندہ اور کائنات کا نگران ہے اور میں اسی کے حضور توبہ کرتا ہوں۔
یہ کلمات پڑھنے والے کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اگرچہ وہ میدان جنگ سے بھاگا ہوا ہو۔" (ابوداؤد)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی

وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی

"یا اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی اور تونگری

(مخلوق سے بے نیازی) کا سوال کرتا ہوں" (صحیح مسلم)

اللہ سے مانگیں تو یہ مانگیں

# اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَيِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

"اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔"

(سنن ابن ماجہ)

# فراخئ رزق کی دُعا

## رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

"اے میرے رب! تو جو بھلائی بھی میری طرف نازل کرے،
بلاشبہ میں اس کا محتاج ہوں" (سورۃ قصص: 24/28)

والدین پر رحمت کی دعا

# رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيۡ صَغِيۡرًا

(بنی اسرائیل ۲۴)

”اے میرے پروردگار! میرے والدین پر رحمت کیجیو۔ جس طرح انہوں نے
مجھ کو بچپن میں رحمت اور شفقت کے ساتھ پالا تھا“

”والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو، اگر تمہارے پاس ان میں سے کوئی ایک، یا دونوں، بوڑھے ہو کر رہیں،
تو انہیں اُف تک نہ کہو، نہ انہیں جھڑک کر جواب دو، بلکہ ان سے احترام کے ساتھ بات کرو“

(سورۃ بنی اسرائیل ۲۳-۲۴)

## مصیبت زدہ کو دیکھنے پر دعا

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ**
**وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا**

”ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے مجھے اس چیز سے جس میں تجھے مبتلا کیا عافیت دی اور مجھے اپنی مخلوق کے بہت سے افراد پر فضیلت عطا فرمائی۔“

”جو شخص کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے وہ زندگی بھر کے لیے اس مصیبت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔“ (ترمذی)